# معذور شخص کا بال صفا کریم سے غیر ضروری بال صاف کرنے کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

میں معذور ہوں، غیر ضروری بال صاف کرنے کے لیے بہت مشکل ہوتی ہے، کیا یہ بال صاف کرنے کے لئے بال صفا کریم استعمال کر سکتا ہوں؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں، آپ بلکہ کوئی بھی عام شخص غیر ضروری بال صاف کرنے کے لیے بال صفا پاؤڈر استعمال کر سکتا ہے۔

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "موئے زیر ناف اُسترے سے مونڈنا چاہیے اور اس کو ناف کے نیچے سے شروع کرنا چاہیے اور اگر مونڈنے کی جگہ ہرتال چونا یا اس زمانہ میں بال اڑانے کا صابون چلا ہے، اس سے دور کرے یہ بھی جائز ہے۔" (بہارِ شریعت، جلد 3، صفحہ 584، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2122

**تاریخ اجراء:** 28 رجب المرجب 1446ھ / 29 جنوری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net